**14.11.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL Opening**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

………………………………

- ☆ حکمراں قومی جمہوری اتحاد نے بہار اسمبلی انتخابات میں تاریخی جیت درج کی ہے۔ اس نے اب تک اعلان شدہ 219 سیٹوں میں سے 183 سیٹیں جیتی ہیں۔
- ☆ RJD کی قیادت والا مہاگٹھ بندھن ریاست کے سبھی حصوں میں بہت پیچھے ہے۔
- ☆ جیتنے والی اہم شخصیات میں BJP کے نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری اور میتھلی ٹھاکر، JDU کے شرون کمار اور مہاگٹھ بندھن کے وزیر اعلیٰ کے عہدے کے امیدوار RJD کے تیجسوی پرساد یادو شامل ہیں۔
- ☆ وزیراعظم نریندرمودی نے اِس جیت کواچھی حکمرانی، ترقی، سماجی انصاف اور عوامی بہبود کی جیت قرار دیا ہے۔
- ☆ بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے کہا ہے کہ اِس جیت نے NDA الائنس میں مکمل اتحاد دکھا دیا ہے۔
- ☆ آٹھ حلقوں میں ہوئے اسمبلی ضمنی انتخابات میں BJP اور کانگریس کو دو–دو سیٹیں، عام آدمی پارٹی، PDP، میزونیشنل فرنٹ اور جھارکھنڈ مکتی مورچہ کو ایک–ایک سیٹ ملی ہیں۔
- ☆ تیراندازی میں بھارت نے ڈھاکہ میں ایشین چمپئن شپ میں سونے کے تین تمغے جیتے ہیں۔
- ☆ اور کرکٹ میں پہلے ٹیسٹ کے پہلے دن بمراہ کے پانچ وکٹ نے جنوبی افریقہ کی پوری ٹیم کو 159رن پر آؤٹ کرکے برتری دلا دی ہے۔

………………………………

**(Music)**
اب خبریں تفصیل سے

**Counting**

بہار اسمبلی انتخابات میں حکمراں قومی جمہوری اتحاد NDA زبردست تاریخی جیت کی طرف آگے بڑھ رہا ہے۔ NDA کو 183 سیٹیں ملی ہیں اور وہ 21 سیٹوں پر آگے ہے۔ RJD کی قیادت والا مہاگٹھ بندھن بہت پیچھے ہے اُس نے 30 سیٹیں جیتی ہیں اور وہ 4 سیٹوں پر آگے ہے۔ دیگر نے پانچ سیٹیں جیتی ہیں اور ایک پر آگے چل رہے ہیں۔BJP کے امیدوار اور نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری نے تارا پور سیٹ جیت لی ہے۔ بہار ریاست کے JDU کے صدر اُمیش سنگھ کشواہا کو مِہنار حلقے سے منتخب قرار دیا گیا ہے انھوں نے RJD کے اپنے قریبی حریف کو 30ہزار ووٹوں سے شکست دی۔ سابق مرکزی وزیر اور BJP کے سینئر لیڈر رام کرپال یادو نے RJD

کے اپنے قریبی حریف سے 20ہزار ووٹوں کے فرق سے دانا پور کی سیٹ جیت لی ہے۔

مشہور بھوجپوری گلوکار میتھلی ٹھاکر نے BJP کے ٹکٹ پر پہلی بار الیکشن لڑا اور وہ علی نگر سیٹ سے جیت گئی ہیں، جبکہ BJP کے سینئر لیڈر منگل پانڈے نے سیوان کی سیٹ RJD کے اپنے قریبی حریف سے 9ہزار ووٹوں کے فرق سے جیتی ہے۔

مہاگٹھ بندھن کے وزیر اعلی کے عہدے کے امیدوار RJD کے تیجسوی پرساد یادو جو ابتدا میں پیچھے چل رہے تھے، آگے بڑھے اور راگھوپور سیٹ سے منتخب قرار دیئے گئے۔ انھوں نے BJP کے اپنے قریبی حریف ستیش کمار کو 17ہزار 866ووٹوں سے شکست دی۔ اُن کے بھائی جن شکتی جنتا دل کے تیج پرتاب یادو مہوا سے چناؤ ہار گئے اور وہ RJD کے امیدوار سے بھی پیچھے تیسرے مقام پر آ گئے ہیں۔LJP کے سنجے کمار سنگھ نے 40ہزار سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے اپنی سیٹ جیتی ہے۔ مشہور بھوجپور گلوکار اور اداکار شتروگھن یادو عرف گھیساری لال یادو BJP کی امیدوار چھوٹی کماری سے پیچھے چل رہے ہیں۔ پرشانت کشور کی جن سوراج پارٹی کوئی سیٹ حاصل کرنے میں ناکام رہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC Anand**

نیشنل ڈیموکریٹک الائنس NDA نے 2025کے بہار اسمبلی انتخابات میں ایک بار پھر 200سے زیادہ سیٹیں حاصل کی ہیں۔ حکمراں اتحاد کے ساتھ یہ دوسری مرتبہ ہوا ہے کہ اُس نے 2010کے اسمبلی انتخابات کے بعد 200سے سیٹیں حاصل کی ہیں۔ 2010میں اُس نے 206سیٹیں جیتی تھیں۔

اِس چناؤ میں BJP بہار میں واحد سب سے بڑی پارٹی کے طور پر ابھرتی ہے۔ پچھلے اسمبلی انتخابات میں راشٹریہ جنتا دل 74سیٹوں کے ساتھ واحد سب سے بڑی پارٹی تھی، لیکن اِس مرتبہ اپوزیشن پارٹیوں نے اپنی توقعات کے مطابق اچھی کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ 2020کے اسمبلی انتخابات میں BJP نے 19اعشاریہ چار چھ فیصد ووٹوں کے ساتھ 74سیٹیں جیتی تھیں جبکہ JDU کو پچھلے انتخابات میں 43سیٹیں ملی تھیں اور اُس ووٹ فیصد 15 اعشاریہ تین نو تھا۔NDA کی اتحادی لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس، جو پچھلے انتخابات میں علاحدہ ہوگئی تھی اور اُسے صرف ایک سیٹ پر کامیابی ملی تھی، اِس بار پارٹی نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ البتہ مہاگٹھ بندھن کی طرف سے کانگریس، جو پچھلے انتخابات میں 19سیٹیں جیتی تھی اِس مرتبہ 10سیٹیں بھی نہیں جیت پائی ہے۔ نئی پارٹی جن سوراج پارٹی اور جن شکتی جنتا دل بھی اپنا کھاتا کھولنے میں ناکام رہی ہیں۔

دھرمیندر رائے، آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

**PM Address**

وزیر اعظم نریندر مودی، BJP کے صدر جے پی نڈّا اور BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ نے بہار کے عوام کا شکریہ ادا کیا ہے کہ انھوں نے اتحاد کو ایک تاریخی اور بے مثال جیت سے سرفراز کیا۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں جناب مودی نے اِس جیت کو اچھی حکمرانی، ترقی، سماجی انصاف اور عوامی بہبود کی جیت قرار دیا

ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ عوام کی زبردست حمایت حکومت کو مزید اختیار دے گی کہ وہ عوام کی خدمت کریں اور بہار کی ترقی کیلئے نئے عزم کے ساتھ کام کریں۔بعد میں نئی دلّی میں BJP ہیڈکوارٹر پر پارٹی کے ممبران سے بات کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بہار اسمبلی انتخابات کی جیت ترقی کی سیاست کیلئے دیا گیا مینڈیٹ ہے اور اس میں اقربا پروری کی سیاست کو مسترد کیا گیا ہے۔جناب مودی نے کہا کہ بہار کی اُن خواتین کی جیت ہے جنھوں نے RJD کے جنگل راج میں دشواریوں کا سامنا کیا۔ انھوں نے ریکارڈ تعداد میں ووٹنگ کے ذریعے جمہوریت اور الیکشن کمیشن میں دوبارہ یقین قائم کرنے کیلئے عوام کو مبارکباد دی۔

**S/B 2100 PM Bihar Victory**

جناب مودی نے کہا کہ دوبارہ ووٹنگ کرائے جانے کے اعداد بھی ایک بڑی تبدیلی کی گواہی دیتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے پہلے بہار میں مشکل ہی سے کوئی ایسا چناؤ ہوتا تھا جس میں ری پولنگ نہ ہو لیکن اِس مرتبہ ووٹنگ پُرامن طریقے سے ہوئی۔وزیر اعظم نے کہا کہ ووٹروں نے انتخابی فہرستوں کو ٹھیک ٹھاک کئے جانے کے عمل کے تئیں بڑی حمایت کا اظہار کیا ہے اور اب یہ سبھی پارٹیوں کی ڈیوٹی ہے کہ وہ ووٹروں کی فہرستوں کو ٹھیک ٹھاک کرنے کیلئے اپنے کارکنوں کو سرگرم کریں۔

**S/B 2100 PM on Matdan**

بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار اور BJP کے کارکنوں کے تئیں اظہارِ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ NDA نے نہ صرف پارٹی خطوط پر بلکہ بوتھ لیول پر بھی بے جوڑ تال میل کا مظاہرہ کیا ہے۔ وزیر اعظم نے مہا گٹھ بندھن پر خوشامد پسندی اور بانٹنے کی سیاست کا الزام لگایا۔

**S/B 2100 PM Bihar Janta**

BJP کے صدر جگت پرکاش نڈّا نے کہا کہ بھاری اکثریت سے جیت ایک ایسی طوفانی لہر ہے جس نے ہر طرح کے شک وشبہ کو دھو ڈالا ہے اور اِس بات کو واضح کردیا ہے کہ لوگ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھروسے کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ جناب نڈا نے کہا کہ یہ فیصلہ بہار میں اچھی حکمرانی کی منظوری پر ایک مہر کی حیثیت رکھتا ہے، جس نے ریاست کو ترقی اور پیشرفت کی راہ پر لگا دیا ہے۔ پارٹی صدر نے مہا گٹھ بندھن کی نکتہ چینی بھی کی۔ اُن پر خوشامد پسندی، تقسیم کی سیاست کرنے اور بہار کے بنیادی معاملات کو درکنار کرنے کا الزام لگایا۔

ضمنی انتخابات میں جیت کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی نے جموں وکشمیر کے نگروٹہ کے عوام اور اڈیشہ کے نواپاڑا کے عوام کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے BJP کے امیدواروں کو جتایا۔سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں جناب مودی نے دِویانی رانا اور جے ڈھولکیا کو یہ سیٹیں جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔x

## Nitish NDA Bihar

بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے کہا ہے کہ NDA اتحاد نے مکمل اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے بہار اسمبلی انتخابات میں واضح اکثریت حاصل کی ہے۔ جناب کمار نے NDA کی سبھی حلیف جماعتوں اور چراغ پاسوان، جیتن رام مانجھی اور اوپیندر کشواہا جیسے لیڈروں کا شکریہ ادا کیا۔ x

## Counting Bypoll

سات ریاستوں کے 8حلقوں میں ہونے والے اسمبلی ضمنی انتخابات میں BJP اور کانگریس نے دو—دو سیٹیں جیتی ہیں۔ عام آدمی پارٹی، جھارکھنڈ مکتی مورچہ، میزو نیشنل فرنٹ اور پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی نے ایک—ایک سیٹ جیتی ہے۔جھارکھنڈ میں JMM کے امیدوار سُمیش چندر سُورین نے گھاٹ سِلہ سیٹ جیت لی ہے اور انھوں نے اپنے BJP کے قریبی حریف بابو لال سُورین کو 38ہزار ووٹوں سے ہرایا۔اڈیشہ میں BJP کے امیدوار جے ڈھولکیا نے نواپاڑا کی سیٹ جیت لی ہے۔تلنگانہ میں کانگریس کے امیدوار نوین یادو نے حیدرآباد کی جبلی ہلز اسمبلی سیٹ پر کامیابی حاصل کی ہے۔ انھوں نے BRS کے اپنے قریبی امیدوار ایم سُنیتا گوپی ناتھ کو 24ہزار 729ووٹوں سے ہرایا۔

راجستھان میں کانگریس امیدوار پرمود جین بھایا نے Anta اسمبلی سیٹ جیت لی ہے۔پنجاب میں عام آدمی پارٹی کی امیدوار ہرمیت سنگھ سَندھو نے ترن تارن اسمبلی سیٹ جیت لی ہے۔ انھوں نے شیرومنی اکالی دَل کی امیدوار سکھوندر کور کو 12ہزار 91ووٹ سے شکست دی۔ جموں وکشمیر میں BJP کی امیدوار دِیوانی رانا نے نگروٹہ اسمبلی سیٹ جیت لی ہے۔ پی ڈی پی کے امیدوار آغاز سید منتظر مہندی کو بڈگام سیٹ سے منتخب قرار دیا گیا۔میزورم میں MNF کے امیدوار ڈاکٹر آر لال تھنگ لیانا نے Dampa سیٹ جیت لی ہے۔x

## ECI SIR

انتخابی کمیشن نے آج مطلع کیا ہے کہ اس مہینے کی چار تاریخ سے شروع کی گئی چناؤ فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی مہم کے دوسرے مرحلے کے آغاز سے اب تک ذاتی معلومات سے متعلق 46 کروڑ سے زیادہ فارم رائے دہندگان میں تقسیم کئے جاچکے ہیں۔ یہ اس مرحلے کے تحت احاطہ کئے جانے والے کُل 51 کروڑ رائے دہندگان کا 91فیصد ہے۔ اترپردیش میں 13 کروڑ 74لاکھ زیادہ فارم سپرد کئے جاچکے ہیں۔ وہیں مغربی بنگال میں اب تک 7 کروڑ 40لاکھ سے زیادہ فارم دیئے جاچکے ہیں۔ چناؤ فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی مہم کے دوسرے مرحلے کے تحت انتخابی کمیشن نے 9ریاستوں اور 3مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں SIR کا آغاز کیا ہے۔ ذاتی معلومات جمع کرنے کا یہ مرحلہ اگلے مہینے کی 4تاریخ تک جاری رہے گا۔x

## Janjatiya Gaurav Divas

بھارت، کَل مجاہد آزادی اور قبائلی لیڈر بھگوان بِرسا منڈا کے یوم پیدائش پر اُنھیں یاد کرنے کی غرض سے جن جاتیہ گورو دِوس منائے گا۔ مرکز نے 15نومبر کو جن جاتیہ گورو دِوس قرار دیا ہے، جس سے قبائلی تاریخ کو زندہ رکھنے کی اہمیت کا اعتراف ہوتا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اب یہ دن وسعت اختیار کرکے جن جاتیہ گورو ہفتہ بن گیا ہے۔ اور اب کئی وزارتیں اور ریاستیں ثقافتی پروگراموں، نمائشوں اور تعلیمی سرگرمیوں کے ذریعے اِس جشن کو مناتی ہیں جس سے اہم قبائلی شخصیات کی وراثت زندہ ہوجاتی ہے۔ حکومت قبائلی مجاہدین آزادی کیلئے وقف میوزیموں اور میموریلس کو بنائے جانے پر مستقل زور دیتی رہی ہے۔ 10ریاستوں میں 11میوزیموں کی منظوری دی گئی ہے جس میں سے تین کا افتتاح ہوچکا ہے اور اِن میں رانچی کا بھگوان برسا منڈا میموریل پارک Cum میوزیم شامل ہیں۔x

## PM Kisan Scheme

وزیرِ اعظم نریندر مودی اس مہینے کی 19 تاریخ کو پی ایم کسان اسکیم کی 21ویں قسط جاری کریں گے۔ اس قسط کے ساتھ ہی، اس اسکیم کے تحت براہ راست منتقل کی جانے والی رقم 3لاکھ 70ہزار کروڑ روپے سے زیادہ ہو جائے گی، جس سے پورے ملک میں 11 کروڑ سے زیادہ کسان کنبوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ پی ایم کسان اسکیم کے تحت اہل کسان کنبوں کو 6ہزار روپے سالانہ فراہم کئے جاتے ہیں، جو فائدوں کی براہ راست منتقلی کے دنیا کے سب سے بڑے پروگراموں میں سے ایک ہے۔ x

## EAM AT G7 Meeting

وزیر خارجہ جئے شنکر نے کنیڈا میں جی– 7وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کی اور دنیا کے کئی وزرائے خارجہ سے ملاقات کی۔ جناب جئے شنکر نے کنیڈا کے اپنے ہم منصب انیتا آنند سے ملاقات کی اور اُن سے کہا کہ وہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کیلئے نئے رول میپ 2025پر عمل آوری میں پیشرفت کی تحسین کرتے ہیں۔ انھوں نے امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات کی اور باہمی تعلقات پر تبادلہ خیال کیا بات چیت میں تجارت اور سپلائی چین پر توجہ کی گئی۔ یوکرین تنازع، مشرقِ وسطیٰ اور مغربی ایشیا کی صورتحال اور بھارت–بحرالکاہل کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انھوں نے امریکہ کے خارجہ سکریٹری Yvette Cooper اور سعودی عربیہ کے وزیر خارجہ فیصل بن فرحان، برازیل کے Mauro Vieira اور میکسکو کے Juan Ramon اور جنوبی افریقہ کے Ronald Lamola کے ساتھ باہمی تعلقات اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔x

## Rev. Asian Archery Championship

ڈھاکہ میں جاری ایشیائی تیر اندازی چمپئن شپ میں بھارت نے آج Recurve زمرے میں سونے کے مزید 3 تمغے جیتے۔ بھارت کی انکیتا بھاکٹ نے خواتین کے انفرادی Recurve فائنل میں کوریا کی Suhyeon Nam کو سات–تین سے ہرایا۔ وہیں مردوں کے Recurve ٹیم مقابلوں میں بھارت کے لیش دیپ بھوگے، Atanu داس اور راہل پر مشتمل ٹیم نے کوریا کو چار کے مقابلے پانچ سے شکست دی۔ کمپاؤنڈ مقابلوں میں گزشتہ روز جیتے گئے تمغوں کے بعد بھارت کے سونے کے تمغوں کی تعداد 6اور چاندی کے تمغوں کی تعداد 3ہوگئی ہے۔ یہ برّ اعظمی چمپئن شپ میں بھارت کی اب تک کی سب سے بہترین کار کردگیوں میں سے ایک ہے۔ x

## Ind vs SA Test Cricket

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں جاری پہلے ٹیسٹ میچ کے پہلے دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے اپنی پہلی اننگز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 37رن بنا لیے ہیں۔ شام کو دن کا کھیل ختم ہونے پر K. L راہل 13رن اور واشنگٹن سُندر 6رن بنا کر کریز پر موجود تھے۔اِس سے پہلے جنوبی افریقہ، اپنی پہلی اننگز میں 159رن بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ جسپریت بُمراہ کے 5وکٹ اور محمد سراج اور کلدیپ یادو کے دو–دو وکٹ کے ساتھ بھارتی گیند باز، اننگز پر حاوی رہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆